فوری ریلیز کے لیے: 20/07/2022

گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL کی جانب سے عوامی صحت کے تحفظ اور عالمی وباء پر جاری ردعمل کی حمایت کے لیے COVID-19 کے لیے تیار رہنے کی نئی پہل کاریوں کا اعلان

ریاست نیویارک بچوں کے سکولوں کے دوبارہ کھلنے اور موسمی وبائی امراض کے لیے "موسمِ خزاں کا عملی منصوبہ" تیار کر رہی ہے

ریاست کے COVID-19 کی عالمی وباء کے ردِعمل میں آزادانہ بعد العمل جائزے کے لیے درخواست برائے تجویز جاری کی گئی

گورنر Kathy Hochul نے آج صحتِ عامہ کے تحفظ اور وبائی امراض کے بارے میں نیویارک ریاست کے جاری ردِعمل کی حمایت کے لیے COVID-19 تیاری کی نئی پہل کاریوں کا اعلان کیا۔ گورنر Hochul نے اعلان کیا کہ ریاست صحتِ عامہ کے ماہرین کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے تاکہ اس سال کے آخر میں موسمی COVID-19 میں اضافے کے امکانات سے نمٹنے کے لیے موسم خزاں کا عملی منصوبہ تیار کیا جا سکے، اور ساتھ ہی ساتھ اس موسم خزاں میں طلباء و طالبات کو بحفاظت سکول واپس جانے کی اجازت دینے کی حکمت عملی تیار کی جائے۔ گورنر Hochul نے یہ بھی اعلان کیا کہ ریاست کے COVID-19 پر ردِعمل کا جائزہ لینے کے لیے ایک آزادانہ بعد العمل جائزہ کے لیے تجاویز طلب کر لی گئی ہیں، اس بات کی نشاندہی کی جائے گی کہ کیا چیز کارگر رہی اور کیا نہیں، اور ہنگامی ردِعمل کی کوششوں کی منصوبہ بندی کرنے والی تمام مقامی حکومتوں کے لیے رہنما کے طور پر کام کریں۔

گورنر Hochul نے کہا، "روزِ اول سے، میری اولین ترجیح نیویارک کے شہریوں کو محفوظ رکھنا ہے، خاص طور پر جب ہم اس عالمی وباء سے محفوظ طریقے سے آگے بڑھنے کو ترجیح دیتے ہیں۔" "میری ٹیم قلیل المعیاد اور طویل المعیاد دونوں صورتوں میں مستقبل میں عالمی وباء اور صحت عامہ کی دیگر متعلقہ ہنگامی صورتحال کے خلاف ہماری تیاریوں کو تقویت دینے کے لیے چوبیس گھنٹے کام کر رہی ہے۔ ہم نے COVID-19 کے خلاف اپنی لڑائی میں حقیقی پیشرفت کی ہے، اور ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے چوکس رہتے ہیں کہ ریاست نیویارک پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط ہو کر ابھرے۔"

لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا، "جیسے جیسے عالمی وباء آگے بڑھتی ہے اور بدلنا جاری رکھتی ہے ، ہم پر لازم ہے کہ چوکس رہیں اور نئے تناؤ سامنے آنے کے لیے تیار رہیں۔" "موسمِ خزاں میں طلباء و طالبات کے سکول کے کلاس رومز میں واپس آنے پر، ہمیں مستقبل کی مختلف حالتوں کو حل کرنے کے لیے ایک منصوبہ بنانے کی ضرورت ہے۔"

موسم خزاں کی عملی منصوبہ بندی کا پس منظر

ریاست اس سال کے آخر میں عالمی وباء میں ممکنہ اضافے سے نمٹنے کے لیے گرم جوشی سے موسمِ خزاں کا ایک عملی منصوبہ تیار کر رہی ہے۔ منصوبہ بندی صحت کی پالیسی کے ماہرین کی مشاورت سے کی جا رہی ہے اور ریاست کی طرف سے جون کے وسط میں کرائے گئے رائے عامہ کے سروے کے ذریعے نیویارک کے لوگوں کی تجاویز سے بھی آگاہ کیا جائے گا جس میں عالمی وباء سے متعلق مسائل پر رہائشیوں کا سروے کیا گیا تھا۔

موسمِ خزاں کی منصوبہ بندی مندرجہ ذیل کو حل کرنے پر توجہ مرکوز کرے گی، لیکن انہی تک محدود نہیں:
- سکول واپسی کی حکمت عملی، بشمول تعلیمی سال کے آغاز سے پہلے سکولوں میں 3 ملین ٹیسٹ تقسیم کرنا۔
- نیویارک کے مزید لوگوں کو ویکسین اور بوسٹر خوراکیں لگوانا، بشمول ضرورت پڑنے پر بڑے پیمانے پر ویکسینیشن کے مقامات کو دوبارہ کھڑا کرنے کی صلاحیت۔
- نیویارک کے مکینوں کو جلد اور اکثر ٹیسٹ کروانے کی ترغیب دینا۔
- علاج اور علاج تک مزید رسائی کو فروغ دینا، بشمول نیویارک کے مکینوں، جن کی نگہداشتِ صحت کرنے والے پیشہ ور افراد تک فوری رسائی نہیں ہو سکتی، کے لیے حال ہی میں شروع کی گئی ریاست گیر ہاٹ لائن، نیز COVID کے طویل اثرات سے نبرد آزما نیویارک کے مکینوں کی مدد کے ساتھ جاری وابستگی۔
- ذاتی حفاظتی سازوسامان (پی پی ای) کا ذخیرہ تیار کرنا، بشمول 20 ملین ٹیسٹ جہاں ضرورت ہو وہاں تعیناتی کے لیے تیار ہوں۔
- ہمارے ہسپتالوں کے نظام کو مضبوط کرنا، بشمول ضرورت پڑنے پر ریاست کے سرج آپریشن سینٹر کو بڑھانے کی تیاری
- وفاقی اور مقامی شراکت داروں کے ساتھ رابطہ کرنا۔

موسمِ خزاں کے عملی منصوبے پر گورنر Hochul کی پریزنٹیشن یہاں دستیاب ہے۔

<u>عالمی وباء کے بعدالعمل جائزے کا پس منظر</u>

گورنر Hochul نے ریاست نیو یارک کی عالمی وباء کی جاری تیاری کی کوششوں کے ایک جزو کے طور پر، عالمی وباء کا بعد العمل جائزہ تیار کرنے کے لیے تجاویز طلب کرنے کا بھی اعلان کیا ہے۔ بعدالعمل جائزے کا مقصد ریاست کے COVID-19 پر ردِعمل کا جائزہ لینا ہے، اس بات کی نشاندہی کرنا ہے کہ کیا کارگر رہاا اور کیا نہیں، اور اس بات کا جائزہ لینا ہے کہ ریاست اپنے ردِعمل کو کیسے بہتر بنا سکتی ہے۔ یہ جائزہ ریاست نیویارک اور دیگر حکومتوں کے لیے ایک رہنمائی کے طور پر بھی کام کرے گا تاکہ وہ اہم ہنگامی صورتحال کا فوری اور مؤثر طریقے سے جواب دینے کے لیے استعمال کریں، خواہ وہ عالمی وبائیں ہوں، قدرتی آفات ہوں یا دیگر ہنگامی حالات جو عام زندگی میں بڑی رکاوٹیں پیدا کرتے ہیں۔

جائزے سے مندرجہ ذیل مقاصد حاصل ہوں گے:
- ریاست کے COVID-19 پر ردِعمل کا جائزہ لینا۔
- خوبیوں، بہترین طریقوں، نیز ان علاقوں کی نشاندہی کرنا جہاں پالیسیوں میں عوام کی ضروریات کو پورا کرنے کی خامیاں تھیں اور صحتِ عامہ کی تیاری اور ردِعمل کو بہتر بنانے کے لیے اہم اسباق کی نشاندہی کرنا۔
- ایک منظم اور بروقت انداز میں اہم نتائج کی اطلاع دینا اور حسبِ ضرورت وضاحت فراہم کرنا۔
- اہم سفارشات فراہم کرنا اور ان سفارشات کو ترجیح دینا یا ان کی درجہ بندی کرنا۔
- ریاست کے لیے مستقبل کی ہنگامی صورت حال میں استعمال کرنے کے لیے ایک منصوبہ بندی رہنمائی تیار کرنا، بشمول ریاست کو ان اولین اقدامات کی نشاندہی کرنا جو Covid-19 کی سطح پر موجودہ منصوبوں پر حاوی ہونے پر ریاست کو اٹھانے چاہیئں اور اس بارے میں سفارشات کہ کس طرح انتظامی فیصلہ سازی سے رجوع کیا جائے اور رہنمائی کی جائے۔
- سفارشات مخصوص، قابلِ عمل، وقت کی پابند، قابلِ پیمائش، اور مناسب طریقے سے عملی منصوبے میں ڈھل جانے والی ہونی چاہیئں۔

جائزہ ریاست کے COVID پر ردِعمل کے درج ذیل اہم شعبوں پر توجہ مرکوز کرے گا، بشمول لیکن انہی تک محدود نہیں:

- عالمی وباء کے تقاضوں کی روشنی میں ہسپتالوں اور داخل مریضوں کے انتظام سے متعلق پالیسیوں اور رہنمائی کا جائزہ لینا، بشمول کون سے طبی طریقہ ہائے کار جاری رہ سکتے ہیں اور رہنے چاہیئیں۔
- افراد، خاص طور پر سب سے زیادہ کمزور افراد کی اجتماعی ماحولوں، بشمول بے گھروں کی پناہ گاہوں، گروہی گھروں، نرسنگ ہومز، جیلوں اور قید خانوں سے منتقلی کے لیے پالیسیوں اور رہنمائی کا جائزہ لینا، اور کون سے ادارے ان مقامات کے اندر بیماری کے پھیلاؤ پر قابو پانے کی تاثیر کے اور وہ فیصلے کرنے کے لیے اہل ترین ہیں۔
- تعلیمی اداروں کو بند کرنے اور دوبارہ کھولنے کے لیے پالیسیوں اور رہنمائی کا جائزہ لینا، اور یہ کہ COVID-19 کے دوران ابتدائی بچپن، سکول کی عمر، خصوصی تعلیم اور بعد از ثانوی تعلیمی پروگراموں کو کیسے سنبھالا گیا اور مستقبل کی ہنگامی صورتِ احوال میں ان سے کیسے نمٹا جانا چاہیے۔
- اس بات کا تعین کرنے کے لیے عوامل کہ کن کاروباروں، صنعتوں اور افعال کو لازمی تصور کیا جانا چاہیے اور کن مقاصد کے لیے۔
- نیویارک کے مکینوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ضروری سامان اور خدمات کا حصول اور خریداری۔
- کام کی جگہ پر ضروری کارکنوں کے لیے درکار تحفظ، اور ان کارکنوں کو درکار پروگرام اور خدمات، جو اکثر غیر سفیدفام کم آمدنی والی برادریوں سے تعلق رکھتے ہیں۔
- ریاست اور اس کے وفاقی اور مقامی ہم منصبوں کے درمیان اور مابین ہم آہنگی، بشمول میئرز، کاؤنٹی کے رہنماؤں اور دیگر منتخب عہدیداروں کے ساتھ تعلقات۔
- مؤثر تعلیم اور عوام کے رابطہ، بشمول اعداد و شمار اور دیگر معلومات کا اشتراک۔
- ہنگامی طریقہ ہائے کار اور مخصوص کاموں جو پورے کرنا لازمی ہیں، کی منصوبہ بندی کرنے اور ان پر عمل درآمد کرنے کے لیے درکار عملہ اور مہارتیں۔

ایک سالہ مدتِ معاہدہ کے تحت، کنسلٹنٹ سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ معاہدہ شروع ہونے کی تاریخ کے چھ ماہ کے اندر ترجیحی علاقوں کے بارے میں منصوبہ بندی کرے اور ابتدائی معلومات فراہم کرے۔ مزید تفصیلی تجزیہ اور اضافی شعبوں کو اگلے چھ مہینوں میں شامل کیا جائے گا جس کا اختتام ایک سال کے اندر ایک حتمی بعدالعمل رپورٹ میں ہو گا۔

جائزے کا مقصد ریاست نیویارک کے عالمی وباء پر ردِعمل کے بارے میں بہتر طور پر آگاہ کرنا ہے اور اس کا مقصد باہر کے جاری جائزوں سے متصادم ہونا نہیں ہے۔ گورنر نے ریاست نیویارک کے ڈویژن برائے ہوم لینڈ سیکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز کی کمشنر Jackie Bray کو بعدالعمل جائزے کے عمل کی نگرانی کے لیے مقرر کیا ہے۔

درخواست برائے تجویز (Request for proposal (RFP)) کی ایک نقل یہاں دستیاب ہے۔

###

اضافی خبریں یہاں دستیاب ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | 518.474.8418 | press.office@exec.ny.gov